## پہلا کلمہ طَیِّب

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ، محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔

## دوسرا کلمہ شہادت

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اُس کا کوئی شریک نہیں،

وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ؕ

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اُس کے بندے اور رسول ہیں۔

# تیسرا کلمہ تمجید

سُبْحٰنَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ط

پاک ہے اللہ اور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بہت بڑا ہے

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ ط

اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو عالیشان اور عظمت والا ہے۔

# چوتھا کلمہ توحید

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اُس کا کوئی شریک نہیں، اُسی کی بادشاہی ہے اور اُسی کے لئے تمام تعریف ہے

یُحْیٖ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ط ذُوالْجَلَالِ

وہ زندہ کرتا ہے اور وہی مارتا ہے اور وہ ہمیشہ کے لئے زندہ ہے جو مرے گا نہیں عظمت

وَالْاِکْرَامِ ط بِیَدِہِ الْخَیْرُ ط وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ ط

اور بزرگی والا ہے ، بہتری اُسی کے ہاتھ میں ہے اور وہ

ہر چیز پر قادر ہے۔

# پانچواں کلمہ استغفار

اَستَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُہٗ عَمَدًا اَوْخَطاً سِرًّا

میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں جو میرا پروردگار ہے ہر گناہ سے جو میں نے کیا ، جان بوجھ کر

اَوْ عَلَانِیَۃً وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْٓ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ

یا بھول کر، در پردہ یا کھلم کھلا اور میں توبہ کرتا ہوں اُس کے حضور میں اُس کے گناہ سے جو مجھے معلوم ہے اور اُس

الَّذِیْ لَآ اَعْلَمُ اِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُیُوْبِ وَ

کے گناہ سے جو مجھے معلوم نہیں۔ بے شک تو عیبوں کو جاننے والا اور عیبوں کو چھپانے والا ہے اور گناہوں کا

غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط ٥

بخشنے والا ہے اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو عالیشان اور عظمت والا ہے۔

# چھٹا کلمہ رَدِّ کُفر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ اَنۡ اُشۡرِکَ بِکَ شَیۡئًا وَّاَنَا اَعۡلَمُ بِہٖ وَاَسۡتَغۡفِرُکَ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں اِس بات سے کہ میں کسی چیز کو تیرا شریک بناؤں اور مجھے اِس کا علم ہو اور میں معافی مانگتا ہوں تجھ سے اس گناہ سے

لِمَا لَآ اَعۡلَمُ بِہٖ تُبۡتُ عَنۡہُ وَ تَبَرَّاۡتُ مِنَ الۡکُفۡرِ وَالشِّرۡکِ وَالۡکِذۡبِ وَالۡغِیۡبَۃِ

جس کا علم مجھے نہیں، میں نے اس سے توبہ کی اور بیزار ہوا کفر سے اور شرک سے اور جھوٹ سے اور غیبت سے

وَ الۡبِدۡعَۃِ وَالنَّمِیۡمَۃِ وَالۡفَوَاحِشِ وَالۡبُھۡتَانِ وَ الۡمَعَاصِیۡ کُلِّھَا وَاَسۡلَمۡتُ وَاٰمَنۡتُ

اور بدعت سے اور چغلی سے اور بے حیائی کے کاموں سے اور تہمت لگانے سے اور (باقی) ہر قسم کی نافرمانیوں سے اور میں ایمان لایا

وَ اَقُوۡلُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ ط

اور میں کہتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں حضرت محمد اللہ کے رسول ہیں۔